# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 17 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷؍جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاست کی کچھ سماجی تنظیموں میں شہری نکسل اِزم کے گھس پیٹھ ہونے کا وزیرِ اعلیٰ کا الزام۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کی ’’پاس راست آپ کے اسکول میں‘‘ مہم کا آغاز۔

☆ CET امتحانات کے نتائج کا اعلان؛ ریاست میں 37 طلبہ نے حاصل کیے صد فیصد نشانات۔

☆ عیدالاضحیٰ کے موقع پر آج نمازِ عید کی ادائیگی سمیت مختلف مذہبی تقریبات کا انعقاد۔

اور۔۔۔

☆ پانی کے مسئلے پر منعقدہ کانفرنس میں مراٹھواڑہ کے عوامی نمائندوں سے متحد ہونے کی اپیل۔

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعلیٰ اور شیوسینا قائد ایکناتھ شندے نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست کی کچھ سماجی تنظیموں میں شہری نکسل اِزم در آیا ہے۔ کوکن گریجویٹ حلقۂ انتخاب میں مہایوتی اُمیدوار کی تشہیر کیلئے کل ’’عزمِ فتح‘‘ پروگرام کا انعقاد کیا گیا‘ وزیرِ اعلیٰ شندے نے اس پروگرام سے خطاب کیا۔ جس میں انھوں نے لوک سبھا انتخابات میں مہا وِکاس آگھاڑی کی جانب سے وزیرِ اعظم نریندر مودی کے متعلق جھوٹے پروپیگنڈے کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کارکنان سے ترقی کا حقیقی نیریٹیو (یعنی تعریف) عوام تک پہنچانے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے کارگذار صدر پرفل پٹیل نے کہا ہے کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں مہایوتی سے 85 تا 90 نشستوں کا مطالبہ کیا جائے گا۔ وہ کل گوندیا میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات میں قومی جمہوری اتحاد کو متوقع کامیابی نہیں مل سکی‘ تاہم آئندہ اسمبلی انتخابات میں یہ تصویر بدلنے کا یقین ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی کابینہ میں جلد ہی توسیع کی جائے گی۔

پیوپلس ریپبلکن پارٹی کے صدر جوگندر کواڑے نے آئندہ اسمبلی انتخابات میں مہایوتی کی جانب سے مناسب نشستیں دیئے جانے کی اُمید ظاہر کی ہے۔ وہ کل تھانے میں صحافیوں سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے ضروری نشستیں نہ دیئے جانے پر ریاست کی 30 اسمبلی نشستوں پر اُمیدوار اُتارنے کا اعلان کیا۔ انھوں نے ریاستی کابینہ میں ایک وزیر‘ ایک مملکتی وزیر اور کسی ایک کارپوریشن میں ان کی پارٹی کو نمائندگی دینے کا مطالبہ بھی کیا۔

***** ***** *****

الیکٹرانک ووٹنگ مشین (یعنی EVM) کسی بھی چیز سے جڑی نہیں ہوتی، جس کی وجہ سے اُسے اَن لاک کرنے کیلئے OTP کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اس طرح کی وضاحت ممبئی لوک سبھا حلقہ کی الیکشن آفیسر وَندنا سوریہ ونشی نے کی ہے۔ اس حلقے میں ووٹوں کی گنتی کے وقت EVM اَن لاک کرنے کے لئے لگنے والا موبائل، شیوسینا کے اُمیدوار رویندر وائیکر کے رشتہ دار کا ہونے کی بحث جاری تھی۔ اس ضمن میں کل وہ نامہ نگاروں سے مخاطب تھیں۔ انھوں نے بتایا کہ مذکورہ موبائل ڈاٹا انٹری سے متعلق تھا اور اس سلسلے میں درج کردہ مقدمہ کی تفتیش جاری ہے۔

***** ***** *****

پیشہ وارانہ نصاب کورسیز میں داخلوں کیلئے منعقدہ امتحان ' MHT-CET ' کا نتیجہ کل ظاہر کر دیا گیا۔ اس امتحان میں PCB اور PCM مضامین کے گروپ میں 37 طلبہ نے سو فیصد نشانات حاصل کیے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست بھر کے اسکول و کالجوں کے طلبہ کو ST بسوں کا پاس ضرورت کے مطابق ان کے اسکول و کالج میں ہی دستیاب کروایا جائے گا۔ ریاستی ٹرانسپورٹ کارپوریشن ایس ٹی کے نائب صدر و مینیجنگ ڈائریکٹر مادھو کُوسیکر نے اس سلسلے میں متعلقین کو احکامات دیئے ہیں۔ اس ضمن میں ''ایس ٹی پاس راست آپ کے اسکول میں'' مہم کل 18 جون سے ریاست گیر سطح پر شروع کی جا رہی ہے۔ تمام اسکولس و کالجوں کے پرنسپل اور صدر مدرسین سے خواہش مند طلبہ کی فہرست تیار رکھنے کی اپیل کی گئی ہے۔ طلبہ کو گھر سے اسکول اور کالج تک جانے کیلئے ایس ٹی کارپوریشن کی جانب سے پاس کے ذریعے سفر کرایوں میں 66 فیصد رعایت دی جاتی ہے، جبکہ حکومت کی پنیہ شلوک اَہلیہ بائی ہولکر اسکیم کے تحت بارہویں جماعت تک تعلیم حاصل کرنے والی تمام طالبات کو مفت ایس ٹی پاس دیا جاتا ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ایس ٹی کارپوریشن انتظامیہ نے سنیچر سے ہی اس رعایتی پاس کی تقسیم شروع کر دی ہے۔ ضلع کے چوکا کے نیو ہائی اسکول میں ایس ٹی کے ڈویژنل کنٹرولر سچن شِرساگر، ڈپو مینیجر سنگیتا سوریہ ونشی کے ہاتھوں طلبہ کو پاس تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

18 ویں مِف یعنی ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں کل دوسرے دِن ڈاک فلم بازار کا افتتاح کیا گیا۔ اس بار پہلی مرتبہ منعقدہ ڈاک فلم بازار کا ویب سیریز پروڈیوسر اور ایمی ایوارڈ یافتہ اپوروا بکشی کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس نمائش کی وجہ سے نئے فلم سازوں کو ایک پلیٹ فارم مہیا کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔**

***** ***** *****

مقدس اَمرناتھ یاترا اس مہینے کی 29 تاریخ سے شروع ہوگی اور 19 اگست تک جاری رہے گی۔ اس سلسلے میں مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے نئی دہلی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کا انعقاد کیا، جس میں حفاظتی انتظامات سمیت دیگر اُمور کا جائزہ لیا گیا۔ دریں اثنا گنگا دسہرہ تہوار کل اختتام پذیر ہوگیا۔ اس موقع پر ملک بھر کے عقیدت مندوں نے گنگا کنارے پر پریاگ راج، وارانسی، ہری دوار سمیت دیگر گھاٹوں پر بھیڑ لگا دی تھی۔

***** ***** *****

ایثار و قربانی کا تہوار عیدالاضحیٰ کا آج ہر طرف عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ ریاستی گورنر رمیش بئیس نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ انھوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ عیدالاضحیٰ کا تہوار قربانی، احسان مندی اور مواسات کا پیغام دیتا ہے۔ اس تہوار کی مناسبت سے عظیم اقدار کو بچانے کیلئے کوشش کرنے کی اپیل بھی انھوں نے کی۔

چھترپتی سمبھا جی نگر میں عیدالاضحیٰ کے ضمن میں انتظامیہ کی جانب سے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ پولس سپرنٹنڈنٹ منیش کلوانیا نے اپیل کی ہے کہ تمام لوگ پُر امن طریقے سے یہ تہوار منائیں۔

***** ***** *****

آئندہ 21 جون کو منایا جانے والا بین الاقوامی یومِ یوگا کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم نریندر مودی نے پادہستاسن سے متعلق ایک ویڈیو سماجی ذرائع ابلاغ پر اپلوڈ کی۔ وزیرِ اعظم نے اپیل کی ہے کہ ریڑھ کی ہڈی کو لچکدار بنانے کیلئے ہر کسی کو یوگا کے اس طریقے کو اپنانا چاہیے۔

دریں اثنا لگاتار تیسری معیاد کیلئے حلف لینے کے بعد وزیرِ اعظم مودی آئندہ 30 جون کو آکاشوانی کے من کی بات پروگرام سے ملک کی عوام سے خطاب کریں گے۔ یہ من کی بات پروگرام کی ایک سو گیارہویں قسط ہوگی۔ اس پروگرام کیلئے عوام سے اپنے خیالات اور مشورے ایک آٹھ صفر صفر، ایک ایک، سات آٹھ صفر صفر اس ٹول فری نمبر پر یا نریندر مودی اَیپ یا مائے گیو اوپن فورم پر آئندہ 28 جون تک روانہ کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میں، کل مراٹھواڑہ جل سمرِدّھی پرتشٹھان، ٹیم آف ایسوسی ایشن، ماسیا، کسان امدادِ باہمی استعمالِ آب اور شکر کارخانوں کے اشتراک سے مراٹھواڑہ میں پانی کے مسئلہ پر ایک کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں چھترپتی سمبھا جی نگر کے رُکنِ پارلیمان سندیپان بھومرے، رُکنِ پارلیمان بھاگوت کراڑ، وزیرِ ہاؤسنگ اتل ساوے، جالنہ کے رُکنِ پارلیمان ڈاکٹر کلیان کالے، رُکنِ اسمبلی راجیش ٹوپے اور دیگر معززین موجود تھے۔ اس موقع پر مراٹھواڑہ کو حق کا پانی دلانے اور ترقی کے بیک لاگ کو مکمل کرنے، مراٹھواڑہ کے تمام ارکانِ پارلیمان و اراکینِ اسمبلی اپنے پارٹی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ایک ساتھ آنے پر زور دیا گیا، ساتھ ہی مراٹھواڑہ کے مفاد کیلئے ایک عوامی تحریک شروع کرنے کا مشورہ بھی کانفرنس میں دیا گیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں پالیسی ساز سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کے موضوع پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر میں ’’ترقی یافتہ مراٹھواڑہ 2047‘‘ کے عنوان پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا ہے۔ یہ سیمینار 19 جون کو صبح گیارہ بجے سے شام پانچ بجے تک بیڑ بائے پاس پر واقع ایم آئی ٹی کالج میں منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ مقابلوں کے بنگلور میں کھیلے گئے پہلے ایک روزہ مقابلے میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 143 رنوں سے شکست دے دی۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے اسمرتی مندھانا کی سنچری کی بدولت مقررہ اووروں میں آٹھ وکٹ کے نقصان پر 265 رنز بنائے۔ اس ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم 38 ویں اوور میں صرف 122 رنز پر ہی آؤٹ ہوگئی۔

***** ***** *****

ٹی۔ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں گزشتہ روز آسٹریلیا نے اسکاٹ لینڈ کو پانچ وکٹوں سے شکست دی‘ جبکہ دیگر ایک مقابلے میں پاکستان نے آئرلینڈ کو تین وکٹوں سے ہرادیا۔ اس ٹورنامنٹ میں آج بنگلہ دیش اور نیپال کے مابین جبکہ سری لنکا اور ہالینڈ کے مابین میچ جاری ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں دسویں اور بارہویں امتحانات میں کامیاب طلبہ کو دیگر نصاب کورسیز میں داخلوں کیلئے درکار سرٹیفکیٹس ان کے قریبی علاقوں میں فراہم کیے جائیں گے۔ اس کیلئے آئندہ 18 جون سے 2 جولائی تک مہاراجسو مہم چلائی جائے گی۔ لاتور تعلقے کے دس اسکولوں میں 66 مہا ای خدمات مراکز کے ذریعے دس ہزار سرٹیفکیٹ تقسیم کرنا انتظامیہ کا ہدف ہے‘ جس کیلئے اس مدت کے دوران آٹھ تحصیل ڈویژنوں میں کیمپ لگائے جائیں گے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست کی کچھ سماجی تنظیموں میں شہری نکسل اِزم کے گھس پیٹھ ہونے کا وزیرِ اعلیٰ کا الزام۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کی ’’پاس راست آپ کے اسکول میں‘‘ مہم کا آغاز۔

☆ CET امتحانات کے نتائج کا اعلان؛ ریاست میں 37 طلبہ نے حاصل کیے صد فیصد نشانات۔

☆ عیدالاضحیٰ کے موقع پر آج نمازِ عید کی ادائیگی سمیت مختلف مذہبی تقریبات کا انعقاد۔

**اور۔۔۔**

☆ پانی کے مسئلے پر منعقدہ کانفرنس میں مراٹھواڑہ کے عوامی نمائندوں سے متحد ہونے کی اپیل۔

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

4